مطبوعات

اخلاقیاتِ نبویؐ | مرتبہ: حکیم محمد سعید صاحب۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس ہمدرد سنٹر۔ کراچی ۱۸

قیمت: ۴۵/- روپے

موجودہ دورِ زوالِ اخلاق میں یہ مجموعۂ مقالات بڑا قابلِ قدر ہے۔ یہ مقالات اُس مذاکرۂ ملی میں پیش کیے گئے تھے جو اخلاقیاتِ نبویؐ کے موضوع پر ۱۴۰۲ھ میں بمقام کراچی حکیم محمد سعید صاحب کی سربراہی میں ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام منعقد ہوا۔ اس مجموعے میں پیش لفظ (از مسعود احمد برکاتی) اور خطبۂ آغاز و استقبال (از حکیم محمد سعید صاحب) کے علاوہ ۳۱ مقالات شامل ہیں۔ یہ مقالات بہت سے نامور علماء و محققین، اصحابِ تعلیم و تدریس اور اربابِ علم و ادب کے مرتب کردہ ہیں۔ ان مقالات کو پڑھنے والے کے سامنے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت، اخلاقیات کے حوالے سے منعکس ہو جاتی ہے۔ ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ زندگی کے مختلف شعبوں، مثلاً عدل و انصاف، قانون و فقہ، معاشرت، اجیر و مستاجر کے تعلقات، نظامِ تعلیم و تربیت (وغیرہ) کے بارے میں معلومات مختصر کر سامنے آجاتی ہیں۔

عام قسم کی سیرت کانفرنس کے بجائے حکیم محمد سعید صاحب نے مذاکرات کا نہایت مفید سلسلہ شروع کیا ہے۔

خودی | مرتبہ: حکیم محمد سعید صاحب۔ ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، ہمدرد سنٹر، کراچی ۱۸

قیمت: نامعلوم۔

تحریک "آوازِ اخلاق" کے تحت حکیم محمد سعید صاحب کی سربراہی میں ہمدرد فاؤنڈیشن کے زیرِ اہتمام ایک مذاکرۂ ملی بہ سلسلۂ تعلیماتِ نبویؐ "خودی" کے موضوع پر ۱۴۰۳ھ میں بمقام لاہور

منعقد ہوا۔ اس مذاکرے میں پیش کیے جانے والے مقالات کا مجموعہ ہمارے سامنے ہے۔ حرفِ اول (از مسعود احمد برکاتی) اور خطبہ آغاز و استقبال (از حکیم محمد سعید صاحب) کے علاوہ ارباب علم و فکر کے ۳۸ مقالات اس میں شامل ہیں۔ چند عنوانات ملاحظہ ہوں۔(۱) خودی اور دفاع، (۲) تعمیر خودی ـــــ خواہشات کا انضباط (۳) خودی اور تقاضائے عصر حاضر (۴) خودی اور نظام و نصاب تعلیم (۵) خودی اور پاکستانی تہذیب و ثقافت۔ ان مثالوں سے اس تنوع کا اندازہ ہو سکتا ہے جو اس مجموعے کے مقالات میں ہے۔ مقالہ نگاروں کے نام لکھنا مشکل ہے۔ مذاکرہ میں یونیورسٹیوں کے اکابر بھی شریک ہوئے، اصحابِ مدرسہ بھی، اربابِ ادب بھی، اہل صحافت بھی۔ اچھا خاصا "ہجوم مومناں" ہے۔

اس طرح کی کتابیں چونکہ مختلف شخصیتوں کی رنگا رنگ تحریروں کی وجہ سے خصوصی دلچسپی کا سامان رکھتی ہیں۔ لہٰذا ان سے بہت کام لیا جا سکتا ہے۔

ISSUES IN ISLAMIC BANKING	مرتبہ: ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی (کنگ عبدالعزیز یونیورسٹی جدہ) ناشر: دی اسلامک فاؤنڈیشن ۲۲۳ لنڈن روڈ لاسٹر

یو۔کے۔ قیمت: نامعلوم۔

ڈاکٹر محمد نجات اللہ صدیقی تحریک اسلامی کی ان چند جواں ہمت ہستیوں میں سے ہیں جنھوں نے اہم دائرہ ہائے دین و دانش میں حصولِ علم اور مطالعہ کے بعد تحقیق کی ذمہ داریاں سنبھالی ہیں۔ معاشیات آج کے احوال کے لحاظ سے نہایت اہم اور نہایت مشکل دائرہ کاوش ہے جس میں اسلامی تحریک کے لیے یہ واضح کرنا لازم ہے کہ وہ اسلام کے معاشی و اقتصادی اصول و حدود کو دَورِ جدید کے اداروں اور رابطوں میں کس طرح استعمال کرے گی۔ جن اصحاب نے یہ جواب دینے کی ذمہ داری سنبھالی ہے ان میں ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی کا خاص مقام ہے۔ وہ اقتصادی موضوعات پر کئی کتابیں لکھ چکے ہیں۔ خود اسلامی بنک کاری کے موضوع پر بھی انھوں نے پچھلے سارے کام کو سمیٹ کر آگے قدم بڑھایا ہے۔ اس مجموعے میں ڈاکٹر صدیقی نے بنکنگ کے متعلق اپنے وہ مقالات جمع و مرتب کر دیے ہیں جو انھوں نے پچھلے دس سال میں مختلف بین الاقوامی کانفرنسوں اور سیمیناروں میں پیش کیے ہیں۔ اسلامی تحریکوں کا